Sadiq Public School

Do the right, fear no man

Subject: Urdu **Class:S1** **Day: Wednesday /13-Nov, 2024**

Lesson :

عنوان: خطوط نویسی

1.Inquiry:

1-خط سے کیا مراد ہے؟

2-خط کی کتنی اقسام ہیں؟

3-آپ کے خیال میں خط لکھتے ہوئے کن باتوں کو مد نظر رکھنا چاہیے؟

2-Information:

خط ایک تحریری ملاقات ہوتی ہے جس کی مدد سے ہم اپنے عزیز و اقارب اور دوست احباب کے حالات سے آگاہی حاصل کرتے ہیں اور انھیں اپنے حالات بتاتے ہیں۔ خط کو آدھی ملاقات بھی کہا جاتا ہے کیونکہ اس میں ہم ایک دوسرے کو دیکھ نہیں پاتے مگر اس کے باوجود اپنے اور دوسرے کے حالات سے باخبر ہو جاتے ہیں۔

خط کی دو اقسام ہیں: رسمی اور غیر رسمی

رسمی خطوط: ان میں کاروباری، سرکاری اور پیشہ ورانہ خطوط شامل ہیں۔

غیر رسمی خطوط: ان میں نجی، ذاتی اور دوستوں اور عزیز و اقارب کو لکھے جانے والے خطوط شامل ہیں -

خط لکھتے ہوئے درج ذیل باتوں کا خیال رکھنا ضروری ہے:

خط لکھتے ہوئے یوں سمجھئے کہ آپ جس کو خط لکھ رہے ہیں وہ آپ کے سامنے بیٹھا ہوا ہے اور آپ کی باتیں سن رہا ہے۔ جو کچھ لکھنا مقصود ہو اسے الفاظ کی حد کو مد نظر رکھتے ہوئے تحریر کیجئے۔ خط میں کوئی غیر ضروری بات تحریر نہ کیجئے۔ موضوع کے مطابق خط لکھئے اور صاف اور خوش خط لکھئے۔ خط کو مناسب پیرا گراف میں تقسیم کیجئے۔

3. Synthesizing and absorbing the information:

خط لکھتے ہوئے تحریر کردہ خاکہ ذہن میں رکھیے:

امتحانی مرکز

تاریخ مکمل (مہینہ اردو لفظوں میں جب کہ تاریخ اور سال ہندسوں میں)

(القاب) پیارے/ محترم!

(آداب) السلام علیکم!

پہلا پیرا گراف: (ابتدائیہ کلمات)

دوسرا پیرا گراف: (خط کا موضوع یا نفس مضمون)

تیسرا پیرا گراف: (اختتامیہ جملے)

والسلام

خط لکھنے والے کا رشتہ/ نام

4. Practising:

☆ والدہ کے نام خط لکھ کر سکول میں کیے گئے حفاظتی اقدامات پر اطمینان کا اظہار کریں۔

☆ نوٹ: خط اپنی نوٹ بک میں تحریر کیجئے -

<u>6. Feedback:</u>

اپنا ہوم ورک نوٹ بک پر مکمل کرتے ہوئے اگر کوئی سوال ذہن میں ہے تو اپنے سیکشن کے متعلقہ استاد صاحب سے ان کے وٹس ایپ نمبر پر رابطہ کریں۔

Class	Teachers’ Names	Teachers’ Abbreviations	Teachers’ Email Addresses	Instructions
S1A	Muhammad Ghazanfar	MG	ghazanfar786421 @gmail.com	S1A students will send their home assignments to their subject teacher (MG) for checking and getting feedback.
S1B	Hafiz Ahmad Raza	ARM	ahmed2010raza@yahoo.com	S1B students will send their home assignments to their subject teacher (ARM) for checking and getting feedback.
S1C	Javed Sattar sb	JS	javeedkhankpr@gmail.com	S1C students will send their home assignments to their subject teacher (JS) for checking and getting feedback.
S1GA	Rana Maheen Ahmad	RMA	maheenahmad875@gmail.com	S1GA students will send their home assignments to their subject teacher (RMA) for checking and getting feedback.
S1GB	Afifa Hashmi	ARH	afifaraufhashmi@gmail.com	S1GB students will send their home assignments to their subject teacher (ARH) for checking and getting feedback.